ilmkidunya
علم کی دنیا

Islamiat (Urdu Medium) - FSC Part 1 Islamiat Chapter 3 Short Questions Preparation

Q1. ذکر کے لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

Ans 1: ذکر کے لغوی معنی کسی کو یاد کرنا کے ہیں دین کی اصطلاح میں اس سے مراد اللہ کو یاد کرنا کے ہیں.

Q2. طائف کے سرداروں نے آپ(ص) کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

Ans 1: حضرت محمد (ص) نے قریش کی سخت مخالفت کو دیکھ کر وادی طائف کا قصد کیا تاکہ وہاں کے رہنے والوں کو دین اسلام کی دعوت دیں،طائف کے سرداروں نے حضرت محمد(ص) کی دعوت پر لبیک کہنے کی بجائے آپ(ص) سے نہایت غیر مہذب اور ناشائستہ برتاؤ کیا،آپ(ص) پر اتنے پتھر برسائے کے آپ(ص) کا جسم مبارک لہو لہان ہوگیا.حتی کہ جوتے بھی خون سے بھر گئے،

Q3. مسواک کے بارے میں آپ(ص) کا کیا ارشاد ہے؟

Ans 1: مسواک کے بارے میں آپ(ص) نے ارشاد فرمایا "اگر امت کو دشواری نہ ہوتی تو انہیں ہر نماز سے پہلے مسواک کرنے کا حکم دیتا ہے."

Q4. اسلام کے قبل عورتوں کی کیا حالت تھی؟

Ans 1: اسلام سےقبل معاشرے میں عورتوں کی کوئی اہمیت نہ تھی،وہ ظلم و ستم کا شکار تھیں،حضرت محمد(ص) نے انہیں عزت و احترام بخشا اور ان کے حقوق و فرائض کا تعین کیا اور ان کو ماں بیٹی اور بیوی تینوں حیثیتوں سے عزت عطا کی.

Q5. ابو لہب اور اس کی بیوی رسول(ص) کو کیسے ستاتی تھی؟

Ans 1: ابو لہب حضور(ص) کا چچا تھا.لیکن جب آپ(ص) نے دین کی تبلیغ شروع کی تع وہ اور اس کی بیوی دونوں آپ(ص) کے دشمن ہو گئے،ابو لہب نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ "لوگو!(معاذاللہ) یہ دیوانہ ہے اس کی باتوں پر کان نہ دھرو".اس کی بیوری رسول(ص) کے راستے میں کانٹے بچھاتی تھی، کئی مرتبہ آپ(ص) کے تلوے لہو لہان ہو گئے مگر آپ نے صبرو استقلال کے ساتھ ہر تکلیف کر برداشت کیا.

Q6. لوگوں کو معاف کرنے کے بارے میں قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ: اور دبا لیتے ہیں غصہ اور معاف کرتے ہیں لوگوں کو.

Q7. رحم کے بارے میں حدیث نبوی (ص) کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ: "جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا".

Q8. عرب میں لوگ اپنے بچوں کو قتل کیوں کرتے تھے؟

Ans 1: عرب کے لوگ بھوک اور افلاس کی وجہ سے اپنی اولاد کو قتل اور لڑکیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے.آپ(ص) نے اس رسم کو ختم کرایا اور لڑکیوں کو گھر والوں کے لیے باعث رحمت قرار دیا.

Q9. مواخات سے کیا مرادہے؟

Ans 1: رسول(ص) جب ہجرت فرما کر مکہ سے مدینہ تشریف لے گئےتو آپ(ص) نے مہاجرین مکہ اور انصار مدینہ کے درمیان مواخاۃ قائم کر دیا، ہر مہاجر کو کسی انصاری کا دینی بھائی بنا دی اور اس طرح اخوت و محبت کا ایسا رشتہ قائم فرمادیا جس کی مثال تاریخ عالم میں نہیں ملتی.

Q10. صبر اور استقلال کے لغوی معنی بیان کریں.

Ans 1: صبر کے لغوی معنی روکنے اور برداشت کرنے کے ہیں،یعنی اپنے نفس کو خوف اور گھبراہٹ ست روکنا اور مصائب و شدائد کو برداشت کرنا. استقلال کے لغوی معنی استحکام اور مضبوطی کے ہیں.